07-01-2023

عصمت علی خان

ریسرچ آفیسر/پبلک ریلیشنز آفیسر

فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

درختوں کی بے دریغ کٹائی غیر اسلامی اور گناہ ہے، چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت

اسلام آباد۔ درختوں کی بے دریغ کٹائی غیر اسلامی اور گناہ ہے، چیف جسٹس وفاقی شرعی عدالت۔تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور اور جسٹس خادم ایم شیخ پر مشتمل بنچ نے شریعت درخواست کی سماعت کی۔ درخواست گزار کا کہنا تھا کہ مالاکنڈ ڈویژن کے جنگلات کی بے دریغ کٹائی جاری ہے جو کہ قدرتی ماحول کو تباہ کر رہے ہیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ اسلامی تعلیمات کے مطابق قدرتی ماحول کا تحفظ لازم ہے۔

معزز چیف جسٹس نے فاضل وکیل کو سننے کے بعد صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا۔ معزز چیف جسٹس نے قرار دیا اسلام کی تعلیمات کے مطابق قدرتی ماحول کا تحفظ لازم ہے اور اس بابت رسول کریم صلی اللہ علیہ السلام کی حدیث مبارکہ کا حوالہ بھی دیا کہ جس کے ہاتھ میں پودا ہو وہ اسے ضرور لگائے چاہے قیامت ہی کیوں نہ قائم ہو۔

عدالت نے محکمہ جنگلات کو اگلی پیشی پر حاضر ہونے کا نوٹس جاری کر دیا اور کیس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دیا۔

(عصمت علی خان)

ریسرچ آفیسر/پبلک ریلیشنز آفیسر